CODE: 68

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (لاء)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (24) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

CODE: 68

## Part – A

## Section I : تحقیقی طریقہ کار

1. نظری قانونی(Ductrinal) تحقیق کی سب سے درست خصوصیت کیا ہے؟

(A) قانونی مفروضات کی تجرباتی جانچ

(B) مستند ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے قانونی قواعد کی تجزیاتی وضاحت

(C) قانونی نظاموں کا مقداری موازنہ

(D) میدان پر مبنی سماجی- قانونی تحقیق

2. نظری قانونی(Ductrinal) تحقیق کی بنیادی امتیازی خصوصیت اس کے ............................... میں موجود ہوتی ہے؟

(A) شماریاتی آلات کا استعمال

(B) بنیادی قانونی مواد پر انحصار

(C) انٹرویوز پر زور

(D) میدان کے مشاہدات پر توجہ

3. سماجی- قانونی تحقیق کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) قانونی ضوابط کی تشریح

(B) قانون کو اس کے سماجی تناظر میں جانچنا

(C) قانون سازی کی تجاویز تیار کرنا

(D) عدالتی نظام مراتب کا تجزیہ

4. کسی فیصلے میں "Ratio decidendi" سے کیا مراد ہے؟

(A) جج کے مشاہداتی تبصرے

(B) فیصلے کی بنیاد بننے والا پابند اصول

(C) غیر پابند عدالتی تبصرہ

(D) مقدمے کی کارروائی کی روداد

5. Bluebook نظام کا بنیادی کام کیا ہے؟

(A) قانونی حوالہ جات کے فارمیٹ کو معیاری بنانا

(B) قانون سازی کی رہنمائی

(C) شماریاتی حوالہ جات کو آسان بنانا

(D) عدالتی آراء کو مرتب بنانا

6. تحقیقی ڈیزائن بنیادی طور پر کیا طے کرتا ہے؟

(A) مجموعی طریقہ کار کا فریم ورک
(B) تحریر کا لسانی انداز
(C) حوالہ جات کے اصول
(D) حاشیوں کی ترتیب

7. "تحقیقی خلا" (research gap) سے کیا مراد ہے؟

(A) موجودہ لٹریچر میں توجہ طلب مسئلہ
(B) گمشدہ حوالہ جات
(C) کمزور دلائل
(D) ناقص ترتیب

8. عدالتی رویوں کے نمونوں کا تجزیہ کرنے کے لیے کون سا طریقہ سب سے مناسب ہے؟

(A) تجرباتی طریقہ کار
(B) نظری قانونی
(C) تاریخی تحقیق
(D) خالص تجزیاتی استدلال

9. ایک مؤثر تلخیص (Abstract) کو کیسا ہونا چاہیے؟

(A) مکمل تفصیلات فراہم کرے
(B) مکمل حوالہ جات شامل ہوں
(C) مقاصد اور نتائج کا مختصر خلاصہ دے
(D) صرف طریقہ کار پر توجہ دے

10. مندرجہ ذیل میں سے کون اپنی نوعیت کے اعتبار سے معیاری (Qualitative) ہے؟

(A) منظم سروے
(B) کنٹرول شدہ تجربہ
(C) تفصیلی انٹرویو
(D) شماریاتی تجزیہ

11. قانونی تحقیق میں حوالہ دینے کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) کام کی مقدار بڑھانا
(B) تعین قدر کرنے والوں کو متاثر کرنا
(C) اتھارٹی قائم کرنا اور سرقہ سے بچنا
(D) استدلال کا متبادل فراہم کرنا

CODE: 68

12. پالیسی پر مبنی تحقیق کا سب سے مؤثر طریقہ کیا ہے؟

(A) خالص نظری قانونی طریقہ (B) تاریخی طریقہ

(C) سماجی-قانونی طریقہ (D) صرف تقابلی تجزیہ

13. ایک واضح تحقیقی مسئلہ کیسا ہونا چاہیے؟

(A) وسیع اور عمومی (B) موضوعی تشریح پر مبنی

(C) جذباتی انداز میں وضع کردہ (D) مخصوص اور واضح بیان شدہ

14. تحقیق میں معتبریت (Reliability) سے کیا مراد ہے؟

(A) درست نتائج (B) بار بار دہرانے پر یکساں نتائج

(C) مناسب نمونہ حجم (D) مضبوط مفروضہ

15. پیر ریویو (Peer review) تحقیق میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟

(A) کمزور مقالوں کو رد کرنا (B) ادارتی تصحیح

(C) حوالہ جات میں اضافہ (D) علمی معیار اور اعتبار کو یقینی بنانا

16. دعویٰ: ہر قانونی تحقیق میں مفروضہ ضروری نہیں ہوتا

دلیل: نظری قانونی (Doctrinal) تحقیق تجرباتی مفروضات کی جانچ کے بغیر بھی ہو سکتی ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے

(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

**CODE: 68**

17. دعویٰ: صداقت(Validity) مطلوبہ متغیرات کی درست پیمائش کو ظاہر کرتی ہے۔
دلیل : درست تحقیق ہمیشہ دوبارہ قابلِ عمل (replicable) ہوتی ہے۔
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے

18. دعویٰ نظری قانونی تحقیق میں Sampling غیر متعلق ہے۔
وجہ : نظری قانونی تحقیق آبادی پر مبنی ڈیٹا استعمال نہیں کرتی.
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

19. دعویٰ : تثلیثی طریقہ(Triangulation) تحقیق کی درستگی کو بہتر بناتا ہے.
دلیل : یہ متعدد طریقوں یا ڈیٹا کے مختلف ذرائع کا مجموعہ ہوتا ہے.
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

**CODE: 68**

20. دعویٰ: علمی سرقہ (Plagiarism) میں بغیر حوالہ کے متن کے مفہوم کو بیان کرنا (Parapharasing) بھی شامل ہے.

دلیل: حوالہ دینا فکری ملکیت کو تسلیم کرنا ہے.

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے

(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

21. دعویٰ: لٹریچر ریویو سے تحقیقی خلا (research gaps) کی نشاندہی ہوتی ہے.

دلیل: اس میں موجودہ علمی کام کا تنقیدی جائزہ لیا جاتا ہے.

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے

(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

22. دعویٰ: تقابلی قانونی تحقیق کے لیے یکساں قانونی نظام ضروری ہیں.

دلیل: اس میں مختلف دائرہ اختیار میں مماثلت اور فرق کا مطالعہ کیا جاتا ہے.

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے

(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

23. دعویٰ :ثانوی ماخذ بنیادی ماخذ سے کم اہم ہیں.
دلیل : یہ تشریح اور تنقیدی تجزیہ فراہم کرتے ہیں.
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

24. دعویٰ : کیس اسٹڈی کا طریقہء کار مکمل طور پر مقداری (Quantitave) ہوتا ہے.
دلیل : اس میں مخصوص معاملات کا تفصیلی و معیاری تجزیہ شامل ہوتا ہے.
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

25. دعویٰ :اخلاقی تحقیق ڈیٹا کی جعلسازی کو روکتی ہے.
دلیل : جعلسازی تحقیق کی ساکھ کو نقصان پہنچاتی ہے.
(A) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، اور دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت ہے
(B) دعویٰ اور دلیل دونوں درست ہیں، لیکن دلیل، دعویٰ کی درست وضاحت نہیں ہے
(C) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے، لیکن دلیل درست ہے

CODE: 68

## Section II : قانون

26. "آئینی اخلاقیات"(Constitutional Morality)کا نظریہ اصلاً کس بات پر زور دیتا ہے؟

(A)پارلیمنٹ کی برتری
(B) اکثریتی خواہش کے مقابلے میں آئینی اقدار کی پابندی
(C) عدالتی برتری
(D) وفاقی برتری

27. ہانس کیلزن کے مطابق، قانونی اصول کا جواز کہاں سے حاصل ہوتا ہے؟

(A) بنیادی اصول (Grundnorm)
(B) سماجی قبولیت
(C) اخلاقی اقدار
(D) عدالتی تشریح

28. کاپی رائٹ قانون میں منصفانہ معاملت ( Fair dealing) کا نظریہ بنیادی طور پر کس بات کی اجازت دیتا ہے؟

(A) تجارتی استحصال
(B) مخصوص حالات میں بغیر اجازت محدود استعمال
(C) مکمل نقل
(D) تفویض حقوق

29. ہندوستان میں ثالثی کی ذمہ داری (Intermediary liability)بنیادی طور پر کس قانون کے تابع ہے؟

(A) تعزیراتِ ہند (آئی پی سی)
(B) کمپنیز ایکٹ
(C) آئی ٹی ایکٹ، 2000
(D) قانون شہادت (Evidence act)

30. کارپوریٹ کا پردہ چاک کرنے(Lifting the corporate veil)کا نظریہ کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(A) حصص داروں کا تحفظ
(B) کمپنی کو تحلیل کرنا
(C) کمپنی کی ذمہ داری میں اضافہ
(D) کارپوریٹ وجود کے پیچھے حقیقی افراد کی شناخت

31. "پیکٹا سنٹ سروانڈا"( Pacta sunt servanda) کا مطلب کیا ہے؟

(A) معاہدے باطل ہیں
(B) معاہدوں کی پابندی ضروری ہے
(C) ریاستیں خود مختار ہیں
(D) جنگ جائز ہے

CODE: 68

32. وہ اگریمنٹ جو قانون کے ذریعے نافذ کیا جاسکے........ کہلاتا ہے:

(A) وعدہ (Promise)
(B) عوض (Consideration)
(C) معاہدہ (Contract)
(D) پیشکش(Proposal)

33. نظریہءجزوی تعمیل (Doctrine of part performance) کس قانون کے تحت ہے؟

(A) ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ
(B) انڈین کنٹریکٹ ایکٹ
(C) اسپیسیفک ریلیف ایکٹ
(D) ایویڈینس ایکٹ

34. اجتماعی سودے بازی (Collective bargaining) کس سے متعلق ہے؟

(A) انفرادی معاہدے
(B) حکومتی پالیسی
(C) عدالتی عمل
(D) انجمن کے ذریعے آجر واجیر کے درمیان مذاکرات

35. راست ٹیکس(Direct tax) کی خصوصیت کیا ہے؟

(A) بوجھ منتقل نہیں ہو سکتا
(B) بوجھ منتقل ہو سکتا ہے
(C) بالواسطہ وصولی
(D) اختیاری ادائیگی

36. ثالثی (Arbitration) مقدمہ بازی (Litigation) سے کیسے مختلف ہے؟

(A) یہ عدالت پر مبنی ہوتی ہے
(B) یہ پابند اور تنازعہ حل کرنے کا نجی طریقہ ہے
(C) یہ ہمیشہ غیر رسمی ہوتی ہے
(D) اس میں قانونی نفاذ نہیں ہوتا

37. بنیادی ڈھانچہ (Basic structure) کا نظریہ کس کو محدود کرتا ہے؟

(A) انتظامی اختیارات
(B) عدالتی نظر ثانی
(C) پارلیمنٹ کی ترمیمی طاقت
(D) وفاقیت

CODE: 68

38. جرمی بینتھم کے مطابق قانون کا مقصد کیا ہونا چاہیے؟

(A) فطری حقوق
(B) صرف انصاف
(C) خود مختار احکام
(D) زیادہ سے زیادہ لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خوشی

39. ٹریڈمارک کا تحفظ بنیادی طور پر کس سے متعلق ہے؟

(A) برانڈ کی شناخت اور شہرت
(B)جدت
(C) فنکارانہ کام
(D)پیٹنٹس

40. "ڈیٹا کا امین"(data fiduciary)کا تصور کس قانون کے تحت آتا ہے؟

(A) آئی ٹی ایکٹ
(B) ڈیٹا پروٹیکشن لاء
(C) تعزیراتِ ہند
(D) کنٹریکٹ لاء

41. عرفی (Customary) بین الاقوامی قانون کہاں سے ماخوذ ہے؟

(A) صرف معاہدات سے
(B) صرف عدالتی فیصلے
(C) ریاستی عمل اور opinio juris سے
(D) اقوامِ متحدہ کی قراردادیں

42. آزاد رضامندی کب موجود نہیں ہوتی؟

(A) جبر
(B) پیشکش
(C) عوض
(D) قبولیت

43. ایزمینٹ "Easement" سے کیا مراد ہے؟

(A) کسی دوسرے کی جائیداد پر حق
(B) ملکیت
(C) لیز
(D) رہن

**CODE: 68**

44. صنعتی تنازع (Industrial dispute) میں درج ذیل شامل ہوتا ہے؟

(A) ذاتی مسائل
(B) آجر اور اجیر کے درمیان تنازع
(C) فوجداری جرم
(D) ٹیکس تنازع

45. جی ایس ٹی (GST) کس کی مثال ہے؟

(A) راست ٹیکس
(B) کارپوریٹ ٹیکس
(C) بالواسطہ ٹیکس
(D) انکم ٹیکس

46. مصالحت (Conciliation)، ثالثی (Arbitration) سے مختلف ہے کیونکہ مصالحت کار:

(A) پابند فیصلہ دیتا ہے
(B) قانون نافذ کرتا ہے
(C) جج کی طرح کام کرتا ہے
(D) تصفیہ کروانے میں مدد کرتا ہے

47. جان آسٹن کے مطابق قانون کیا ہے؟

(A) مختارِ اعلیٰ کا حکم (Command of sovereign)
(B) اخلاقی اصول
(C) سماجی اصول
(D) رواج

48. پیٹنٹ تحفظ کس کے لیے دیا جاتا ہے؟

(A) خیالات
(B) نئی ایجادات
(C) اظہار
(D) برانڈز

49. ہیکنگ (Hacking) کس قانون کے تحت قابلِ سزا ہے؟

(A) تعزیراتِ ہند
(B) کنٹریکٹ ایکٹ
(C) آئی ٹی ایکٹ
(D) ایویڈنس ایکٹ

50. میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کس چیز کی وضاحت کرتا ہے؟

(A) اندرونی قواعد
(B) صرف شیئر کیپٹل
(C) حسابات
(D) بیرونی دائرہ کار اور مقاصد

CODE: 68

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all four question** **20Marks**

## Research Methodology

1. قانونی تحقیق میں مفروضہ سازی(Hypothesis formulation) کے کردار پر بحث کریں، خاص طور پر معیاری (Normative)اور تجرباتی (Empirical) قانونی تحقیقات کے درمیان فرق واضح کریں۔

2. قانونی علمی تحقیق میں تحقیقی اخلاقیات(Research ethics) کی اہمیت کا جائزہ لیں، خصوصاً علمی سرقہ(Plagiarism)، ڈیٹا کی دیانت داری(data integrity)، اور ذمہ دارانہ حوالہ دینے کے طریقوں پیش نظر بحث کریں۔

## Law

3. جدید آئینی جمہوریتوں میں قانونی مثبتیت کی مسلسل معنویت کا تجزیہ کریں، خاص طور پر اخلاقی اور اقداری استدلال پر بڑھتے ہوئے عدالتی انحصار کی روشنی میں اس کو واضح کریں۔

4. غیر جانبداری اور مساوات کی بنیاد پر معاہدے کی آزادی اور عدالتی مداخلت کے درمیان تناؤ پر بحث کیجئے اور اس بات کا جائزہ لیجئے کہ عدالتیں ان متصادم اصولوں پر کس طرح توازن قائم کرتی ہے۔

***